آج کے دن عوام ملک دشمن عناصر کو یہ پیغام دے دیں کہ جس کسی نے پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا تو اس کی آنکھیں نکال دیں گے۔ڈاکٹر فاروق ستار

متحدہ قومی موومنٹ صرف کراچی کی جماعت نہ سمجھا جائے بلکہ یہ ملک کی تمام قومتیوں،مسالک،مذاہب اور زبان بولنے والوں کی جماعت ہے۔افتخار اکبر رندھاوا

ایم کیوایم پنجاب ہاؤس کا افتتاح ہو چکا ہے جس کے دروازے پنجاب کے عوام کے لئے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔سید شاہین انور گیلانی

ایم کیوایم لاہور زون وڈسٹرکٹ کے زیر اہتمام چرڑ گاؤں (ڈیفنس) لاہور میں یونٹ آفس کے افتتاحی تقریب کا انعقاد

لاہور۔۔۔۔23مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون وڈسٹرکٹ کمیٹی کے زیر اہتمام چرڑ گاؤں (واقع) ڈیفنس لاہور میں یونٹ آفس کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔جس میں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار،اراکین رابطہ کمیٹی افتخار اکبر رندھاوا،واسع جلیل،زونل انچارج سید شاہین انور گیلانی،متحدہ لائرز فورم کے انچارج مبین الدین قاضی ایڈووکیٹ،لاہور ڈسٹرکٹ کے انچارج میاں طاہر محمود سمیت اراکین زونل وڈسٹرکٹ کمیٹی نے شرکت کی۔اس موقع پر زونل انچارج سید شاہین انور گیلانی نے کہا کہ ایم کیوایم اقتدار میں آکر جاگیرداروں،وڈیروں اور سرمایہ داروں کا محاسبہ کرے گی اور غریب عوام کو ان کے بنیادی حقوق دلائے گی۔انہوں نے تقریب کے شرکاء کو چرڑ گاؤں میں یونٹ آفس کے افتتاح پر مبارکباد دی اور کہا کہ نیو مسلم ٹاؤن میں ایم کیوایم پنجاب ہاؤس کا افتتاح ہو چکا ہے جس کے دروازے پنجاب کے عوام کے لئے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں انقلاب لاکر ملک کے خزانے سے لوٹے ہوئے مال و دولت کو واپس لاکر ملکی خزانے میں جمع کروائے گی۔اس موقع پر انہوں نے پولیس سمیت دیگر سیکیورٹی ایجنسز سے یہ درخواست کی کہ متحدہ کے کارکنوں کو بے جا تنگ نہ کیا جائے اور نہ ہی جاگیرداروں کے کہنے پر ان کیخلاف جھوٹے پرچوں کا اندراج نہ کیا جائے۔انہوں نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ صرف کراچی کی جماعت نہ سمجھا جائے بلکہ یہ ملک کی تمام قومتیوں،مسالک،مذاہب اور زبان بولنے والوں کی جماعت ہے جس کا شاندار مظاہرہ دنیا بھر کے لوگوں نے بھٹ شاہ کے جلسے میں دیکھا۔اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری پاکستان متحد اور یکجان ہیں۔اور اب پاکستان کے خلاف کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دینگے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اپنے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے کے مطابق اس ملک میں ایسا نظام واضح کرے گی جس میں ہر شہری کو یکساں حقوق میسر ہونگے۔جس سکول میں امیر کا بچہ تعلیم حاصل کرے گا اس سکول میں غریب کا بچہ بھی تعلیم حاصل کرے گا۔ہم ملک میں چہرے نہیں بلکہ نظام بدلنا چاہتے ہیں۔ہمیں اس ملک کے گلے سڑے وڈیرانہ،جاگیردارانہ نظام کو تبدیل کرنا ہوگا اور پڑھے لکھے غریب ہاری، کسان کو اعلیٰ ایوانوں میں پہچانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ آج کے دن عوام ملک دشمن عناصر کو یہ پیغام دے دیں کہ جس کسی نے پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا تو اس کی آنکھیں نکال دیں گے۔10 اپریل 2011ء کو؛مینارِ پاکستان کے مقام پر ہونے والا پاکستان میں تاریخ رقم کرے گا۔اس موقع پر انہوں نے الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے چرڑ گاؤں کے محبت کرنے والے عوام کا شکریہ ادا کیا۔اور انہیں یوم پاکستان کی مبارکباد پیش کی اور یونٹ آفس کا افتتاح کیا۔اس موقع پر یونٹ انچارج چرڑ میاں راشد نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆